غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

GET GHAZALI EDUCATION TRUST

مرتب کردہ:
ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ

Issue 23, April 2008

قرآن پاک
اگر انہیں (صدقات کو) چھپا کر حاجت مندوں کو دو، تو یہ تمہارے حق میں زیادہ بہتر ہے۔ سورۃ البقرہ (271)

حدیث پاک
جس نے میانہ روی اختیار کی وہ محتاج نہیں ہوگا۔ (مسند احمد بن حنبل)

144/2 ایف، ماڈل ٹاؤن لاہور۔
فون: E-mail: info@get.org.pk, 042-5882939
www.get.org.pk

## نئے وزیر تعلیم...توقعات و خدشات

جناب احسن اقبال نے وفاقی وزارت تعلیم کا قلمدان سنبھال لیا ہے۔کہا جا رہا ہے کہ انہوں نے خود وزارت تعلیم کے حصول کی خواہش کی تھی۔ظاہر ہے کہ انہوں نے اپنے تئیں بہت سے انقلابی منصوبے سوچ رکھے ہوں گے۔ہماری خواہش ہے کہ وہ اپنی مدت وزارت مکمل کریں اور نیک منصوبوں کی تکمیل میں اللہ ان کی مدد کرے۔ملک کے معروف کالم نگار نے اپنے ایک اظہاریے میں محترم احسن اقبال کے حوالے سے لکھا ہے کہ وزیر موصوف نے اسلام آباد میں یونیسف اور وزارت تعلیم کے مشترکہ منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے اپنے عزم کا اظہار کیا ہے کہ طبقاتی بنیادوں پر قائم نظام تعلیم نے تعلیم کا معیار گرا دیا ہے۔اور معاشرے کو مختلف طبقوں میں تقسیم کر دیا ہے۔جسے وہ ختم کرنے کے خواہش مند ہیں۔محترم کالم نگار نے لکھا ہے کہ وزیر تعلیم نے بعض دوسرے خوش آئند [illegible] بھی کیے ہیں جس میں یکساں نصاب تعلیم بھی سرفہرست ہے۔کالم نگار نے آگے ان خدشات کا ذکر کیا ہے جو اس سلسلے میں احسن اقبال کے خوابوں کی تکمیل میں رکاوٹ ہیں۔

ہم ذاتی طور پر محترم کالم نگار کے خیالات سے متفق ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ سستی اور معیاری تعلیم، یکساں نصاب، پیشہ ور اور تربیت یافتہ اساتذہ، امتحانی نظام کی تجدید، پرائمری اور بنیادی تعلیم کی طرف توجہ ، اعلیٰ تعلیم میں تحقیقی کلچر کا فروغ وہ اقدامات ہیں جن پر ہنگامی بنیادوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔لیکن گزشتہ ساٹھ سال سے ہر حکومت سے توقعات وابستہ کی جاتی ہیں حکومت چلی جاتی ہے وابستہ [illegible] تجربے والی صورتحال دوبارہ شروع ہو جاتی ہے۔حال ہی میں وزیر تعلیم نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کی کارکردگی کے بارے میں بھی شکوک و شبہات کا ذکر کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ گزشتہ سات سالوں میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کو 33 ارب سالانہ دیے جاتے رہے ہیں۔جبکہ اس سے قبل یہ 3.9 ارب سالانہ تھے۔اس خطیر رقم کا استعمال کہاں اور کیسے ہوا یہ بھی آنے والے دنوں میں ہی پتہ چلے گا۔

سابقہ حکومت نے تعلیمی انقلاب لانے کے بڑے بڑے دعوے کیے۔میڈیا پر ایک بھرپور تشہیری مہم چلائی گئی۔لیکن ابھی چند دن قبل سینٹ کے اجلاس میں یہ عقدہ کھلا ہے کہ سابقہ حکومت نے تعلیم پر جی ڈی پی کا صرف 1.8 فیصد خرچ کیا ہے۔جبکہ 2.4 فیصد کے دعوے [illegible] گئے تھے۔بتایا جا رہا ہے کہ 9/11 کے بعد 70 ارب ڈالر انسانی ترقی کی مد میں حاصل ہوئے جو بنیادی انسانی ضروریات مثلاً تعلیم، صحت، صاف پانی کی فراہمی جیسے منصوبوں کے لیے تھے۔دوسرے شعبوں کا حال آپ کے سامنے ہے۔تعلیم میں اب بھی ہم 124 ویں نمبر پر ہیں جبکہ 2000ء میں یہ پیمانہ 135 ویں نمبر پر تھا۔

واہ۔۔۔ ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں

گزشتہ 11 سال سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ملک میں بنیادی تعلیم کے لیے کوشاں ہے اس کے ساتھ ٹرسٹ نے خواتین کے لیے بھی زلزلہ زدہ علاقوں اور لاہور میں 5 کالجز قائم کیے ہیں ہماری یہ کوشش ہے کہ وطن عزیز میں تعلیمی زبوں حالی کو مقدور بھر بہتر بنانے کے لیے اپنے حصے کی شمع روشن رکھی جائے لیکن ظاہر ہے کہ ایک پائیدار تعلیمی انقلاب کے لیے حکومتی مشینری، پرائیویٹ اداروں اور ماہرین تعلیم کو مل کر ایسی تعلیمی پالیسیاں مرتب کرنے کی ضرورت ہے جو قابل عمل ہوں جو ہماری ملی اقدار کے ساتھ منضبط ہوں۔اگر ہم ایسا کر گزریں تو یہ ایک بڑا معجزہ ہوگا۔کیا ہم موجودہ حکومت سے ایسی توقعات وابستہ کر سکتے ہیں؟ کیا جناب احسن اقبال ایک ایسا لائحہ عمل مرتب کر لیں گے جس میں تسلسل رہے؟ ان سوالوں کے جواب تاریخ خود بخود دے گی۔ (اداریہ)

## اک نظر ادھر بھی...

فیصل آباد پاکستان کا مشہور شہر ہے۔قیام پاکستان سے تھوڑا عرصہ قبل ہی برطانوی حکومت نے لائل پور کے نام سے اس شہر کی بنیاد رکھی بعد میں اس شہر کو مشہور سعودی شہنشاہ شاہ فیصل کے نام سے منسوب کر دیا گیا۔اس شہر نے تھوڑی مدت میں صنعتی لحاظ سے بہت ترقی کی اور اس حوالے سے یہ پاکستان کا اہم اور بڑا شہر بن چکا ہے۔شہر کے آس پاس کافی دیہات ہیں اور قیام پاکستان کے وقت مہاجرین کی کافی تعداد نے آبادکاری کے لیے اس علاقہ کا رخ کیا اس کے علاوہ برطانوی دور میں بھی ایک خاص نظریے کے تحت یہاں آبادکاری کی گئی۔صنعتی شہر ہونے کی وجہ سے قریبی دیہات کے لوگ روزگار کے لیے یہاں کی پاورلومز اور دیگر فیکٹریوں میں مزدوری کرتے ہیں یا پھر چند ایکڑ اراضی پر کاشتکاری کرتے ہیں جو تقسیم میراث کے اصول کے مطابق سکڑتی جاتی ہے۔ان دیہات کے لوگوں کی اکثر آبادی نسل در نسل تعلیم سے بے بہرہ چلی آ رہی ہے۔غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے اس حقیقت کو محسوس کرتے ہوئے ٹرسٹ کے نیٹ ورک کو اس ضلع میں پھیلایا۔مقصد یہ تھا کہ دیہی علاقوں میں غریب کاشتکاروں اور مزدوروں کے بچوں کے لیے سستی اور معیاری تعلیم کا اہتمام ہو۔یتیموں اور ضرورت مندوں کو مفت تعلیم دی جائے۔

آج فیصل آباد کے دیہات میں ٹرسٹ اللہ کے احسان اور دوستوں کی محبتوں سے 30 سکول قائم کر چکا ہے جن میں تین ہائر سیکنڈری سکولز بھی شامل ہیں۔ان سکولز میں 4,188 طلبا و طالبات تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔300 کے قریب اساتذہ ان بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کر رہے ہیں۔سکولز کے مانیٹرنگ سسٹم کو بہت موثر بنایا گیا ہے۔اس کے لیے ضلع کو دو حصوں شمالی اور جنوبی میں تقسیم کیا گیا ہے۔دونوں حصوں کے الگ الگ ڈسٹرکٹ مینیجر ہیں فیصل آباد شمالی کے ڈسٹرکٹ مینیجر نذیر احمد صدیقی جبکہ جنوبی کے میاں اقبال ندیم ہیں۔گزشتہ سالہا سال سے سکولز کے نتائج شاندار رہے ہیں۔گزشتہ سال ٹرسٹ کے ایک سکول کے طالب علم محمد عکاس کو مڈل میں شاندار نتائج پر پورے ضلع میں سٹوڈنٹ آف دی ایئر کا خطاب دیا گیا۔اسی طرح پنجم کی طالبہ ثانیہ لطیف نے سنٹر میں اول پوزیشن حاصل کی۔جن بچوں نے غزالی سکولز میں اپنا تعلیمی سفر پریپ سے شروع کیا تھا وہ اس ماہ غزالی سکولز کے ساتھ دس سالہ رفاقت نباہ کر میٹرک کا امتحان دے چکے ہیں۔اور بہترین نتائج کے لیے پرامید ہیں۔

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سکولز کے لیے ہم سب نے مل کر بہت کچھ کرنا ہے۔کیا آپ اپنے وقت کا کچھ حصہ اس مقصد کے لیے نکال سکتے ہیں؟ آپ خود جائیں حالات کا جائزہ لیں ہم سے رابطہ کریں۔دیکھیں کس سکول کو سائنس لیبارٹری کی ضرورت ہے۔کہاں لائبریری چاہیے۔کہاں کسی ضرورت مند کے تعلیمی اخراجات آپ برداشت کر سکتے ہیں کس سکول کو فرنیچر درکار ہے کس علاقہ میں نیا سکول چاہیے آپ کا دیا ہوا ایک قلم اور آپ کی دی ہوئی ایک کتاب ایک فرد کی زندگی بدل سکتی ہے۔ (ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ)

# نئے سکولز

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ محبّ وطن افراد اور اداروں کے تعاون سے 271 سکول اور 5 غزالی کالجز برائے خواتین میں کوالٹی ایجوکیشن فراہم کر رہا ہے اس کے ساتھ ٹرسٹ کی انتظامیہ کی کوشش ہے کہ اس نیٹ ورک کو مزید وسعت دی جائے جس کے لیے دستیاب ذرائع سے منصوبہ بندی کے بعد منصوبوں کو حتمی شکل دی جاتی ہے۔ گزشتہ مہینوں میں درج ذیل سکولز قائم کیے گئے۔

## الفلاح سیکنڈری سکول فیصل آباد کا انتظام ٹرسٹ کے حوالے کر دیا گیا

فیصل آباد میں الفلاح سیکنڈری سکول کو چلانے کی ذمہ داری غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو سونپ دی گئی ہے۔ اگرچہ یہ سکول فیصل آباد کے مرکز میں موجود تھا لیکن کچھ انتظامی وجوہات کی بنا پر اس سکول کی مناسب دیکھ بھال نہیں ہو رہی تھی عمارت اور گراؤنڈز کی حالت اور سکول کے باہر کا ماحول صفائی اور دیکھ بھال کے حوالے سے کافی پریشان کن تھا مقامی انتظامیہ نے فیصل آباد میں دیگر غزالی سکولز کی کارکردگی سے متاثر ہو کر سکول کو چلانے اور دیگر امور کی ذمہ داری ایک معاہدے کے تحت ٹرسٹ کو سونپ دی ہے اس سلسلے میں سید عامر محمود، شہید الحق ظفر، ضیاء اللہ شاہین اور ڈسٹرکٹ مینیجر نذیر احمد صدیقی نے مقامی انتظامیہ سے بات چیت کے بعد الفلاح سکول کو غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر انتظام چلانے کا فیصلہ کیا کر لیا ہے۔

## ہارون آباد میں نئے ماڈل سکول کی ابتداء

بہاولنگر سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے ایک نئے منصوبہ کا آغاز کر دیا ہے تحصیل ہارون آباد کے گاؤں 427 / 6R میں ایک ماڈل سکول کا قیام جہاں ٹرسٹ کے لیے ایک خوش آئند آغاز ہے وہاں اس گاؤں کی آبادی کے لیے بہت بڑی خوش خبری ہے۔ ابتدائی طور پر اس سکول میں داخلوں کا آغاز کر دیا گیا ہے اور ٹرسٹ کے اصول کے مطابق مستحق کے لیے مفت اور دیگر کے لیے سستی اور معیاری تعلیم فراہم کی جائے گی۔ اس منصوبہ کو وسعت دینے کے لیے ٹرسٹ کو معاونین کی ضرورت ہے۔

## کپور والی سیالکوٹ میں غزالی سکول کا آغاز

مینیجر پریپ شہید الحق ظفر کے دورہ سیالکوٹ کے موقع پر کپور والی غزالی سکول کا آغاز کیا گیا اس علاقہ میں سکول کی ضرورت کافی عرصہ سے محسوس کی جا رہی تھی لیکن وسائل کی کمی ہر دفعہ آڑے آ رہی تھی لیکن آخر کار غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے یہ معرکہ بھی سر کر لیا۔ ٹرسٹ کی جانب سے مخیّر خواتین و حضرات سے اس منصوبہ کو مزید وسعت دینے کے لیے تعاون کی اپیل ہے۔

## غزالی ٹرسٹ سکول بھکر ملکیتی عمارت میں منتقل

غزالی ٹرسٹ سکول لیٹی کو ٹرسٹ کی ملکیتی عمارت میں منتقل کر دیا گیا۔ اس سے قبل یہ سکول کرائے کی عمارت میں تھا۔ یہاں پر ملکیتی عمارت کے قیام کے لیے ٹرسٹ کا شعبہ ایل اے سی ڈی کافی عرصہ سے کوشاں تھا۔

# تقرری و تبادلے

### وی ایس او (VSO) کے دو رضا کاروں کی خدمات غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو دے دی گئیں

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ (GET) کو ایک معاہدہ کے تحت والنٹر سروسز اوورسیز (VSO) نے دو افراد کی رضا کارانہ خدمات پیش کی ہیں۔ معاہدہ پر ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود اور وی ایس او کے کنٹری ڈائریکٹر مسٹر فل ہڈسن نے دستخط کیے۔ اس مفاہمت کے تحت مسٹر جولیس وارڈ ٹرسٹ کے شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ میں خدمات سرانجام دیں گے۔ انہوں نے سائیکالوجی میں برطانیہ سے گریجوایشن کے بعد ٹیچر ٹریننگ میں ایک سالہ ڈپلومہ کیا ہے۔ جولیس وارڈ پرائمری ٹیچر ٹریننگ کے حوالے سے ٹرسٹ میں خدمات سرانجام دیں گے۔ دوسرے رضا کار مسٹر جوزف ٹیلر شعبہ آر ایم ڈی میں 6 ماہ کے لیے فنڈ ریزنگ (Fund Raising) کے حوالے سے کام کریں گے۔ انہوں نے برطانیہ سے اکنامکس ہسٹری میں گریجوایشن کی ہے۔

### ہیڈ آفس میں تقرریاں، تبادلے اور ترقی

ضیا اللہ شاہین نے ٹرسٹ نے شعبہ پریپ (PREP) میں بطور پروگرام کوارڈینیٹر ذمہ داری سنبھال لی ہے اس سے قبل وہ منڈی بہاؤالدین میں ڈسٹرکٹ مینیجر سکولز خدمات سرانجام دے رہے تھے ضیاء اللہ نے پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے کیا ہے۔ ان کی جگہ پر عبدالحلیم قاضی، منڈی بہاؤالدین میں ڈسٹرکٹ مینیجر تعینات کیے گئے ہیں۔ ٹرسٹ کے شعبہ آر ایم ڈی میں کاشف ندیم کو پروگرام آفیسر کی ذمہ داری سونپی گئی ہے اس سے قبل وہ پریپ میں اسسٹنٹ پروگرام آفیسر تعینات تھے۔ عابد حسین کو پروگرام آفیسر اور ارسلان ناصر کو بطور اسسٹنٹ پروگرام آفیسر تعینات کر دیا گیا ہے۔ ارسلان ناصر، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (NUML) سے ایم بی اے کر رہے ہیں۔ حافظ شبیر الدین کو ایڈمن آفیسر کی اضافی ذمہ داری دے دی گئی ہے وہ شعبہ ایل اے سی ڈی میں بھی پروگرام آفیسر تعینات ہیں۔

## ایف او ایف کے وفد کا زلزلہ زدہ علاقوں کا دورہ، بٹ کرڑ سکول کا سنگ بنیاد، غزالی سے تعاون جاری رکھنے کا عزم

فاؤنڈیشن آف فیتھ فل (FOF) کے وفد نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود، ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ، مینیجر پریپ شہید الحق ظفر کے ہمراہ زلزلہ زدہ علاقوں میں قائم غزالی سکولز کا دورہ کیا۔ ایف او ایف کے وفد میں یونس شاہد، ممنون مرغوب، شجاع سلیم، ڈاکٹر خواجہ محمد شامل تھے۔ وفد نے اساتذہ، سکول مینجمنٹ اور طلباء طالبات سے ملاقاتیں کیں۔ اور سکولز کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے سکولز میں ہر قسم کی سہولیات کی موجودگی پر غزالی ٹرسٹ کی تعریف کی ور اس بات پر تبادلہ خیال کیا گیا کہ ان علاقوں میں مزید سکول قائم کیے جائیں اور زیادہ سے زیادہ بچوں کو تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں۔ وفد نے بالاکوٹ سے چند کلومیٹر کے فاصلہ پر دریائے کنہار کے کنارے بٹ کرڑ کے مقام پر سکول کی سنگ بنیاد کی تقریب میں شرکت کی۔ سکول کی تعمیر اگلے چند ماہ میں تکمیل کے مراحل میں داخل ہو جائے گی۔ ایف او ایف کے وفد نے غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد اور دختران اسلام اکیڈمی کا بھی دورہ کیا۔

## ہردیو سکول شیخوپورہ کا افتتاح، لیاقت بلوچ، سلیم شہزادہ کی شرکت، غزالی ہیڈ آفس کا بھی دورہ کیا

ہردیو سکول شیخوپورہ کی افتتاحی تقریب میں چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ لیاقت بلوچ اور معروف بزنس مین سلیم شہزادہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر لیاقت بلوچ نے کہا کہ ٹرسٹ پسماندہ علاقوں میں علم کے چراغ روشن کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف تو اعلیٰ طبقے کو ہر قسم کی سہولیات میسر ہیں جب کہ دوسری جانب پسماندہ طبقہ کو تعلیم جیسی بنیادی ضروریات میسر نہیں ٹرسٹ محبِّ وطن افراد سے مل کر ہر سطح پر تعلیمی انقلاب لانے کی کوشش کر رہا ہے۔ سلیم شہزادہ نے کہا ٹرسٹ کی علمی جدوجہد میں شامل ہو کر وہ دلی اطمینان محسوس کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ٹرسٹ کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے وہ تعاون کرتے رہیں گے۔ اہل علاقہ نے سکول کے آغاز پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ مزید برآں سلیم شہزادہ نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ انہوں نے سید عامر محمود، عامر محمود چیمہ اور شہید الحق ظفر سے ملاقات کی۔ انہیں مختلف شعبوں کے متعلق بریفنگ دی گئی۔ سلیم شہزادہ نے ٹرسٹ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔




ایف او ایف کے تعاون سے زلزلہ زدہ علاقے میں غزالی سکول کے طلبا کا گروپ فوٹو۔



لیاقت بلوچ، سلیم شہزادہ، غزالی سکول ہردیو شیخوپورہ کا افتتاح کر رہے ہیں۔

## بہل سکول بھکر کے لیے میڈیکل آفیسر کی طرف سے فرسٹ ایڈ، ناظم یوسی کی طرف سے سپورٹس سامان کا عطیہ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول بہل بھکر کے لیے مقامی یونین کونسل کے ناظم سکندر ا احمد نے سپورٹس سامان کا تحفہ دیا۔ اس سے قبل سکول کے پرنسپل نے انہیں ملاقات کر کے غزالی سکول کی تعلیمی کارکردگی سے آگاہ کیا تھا اور انہیں ضروریات سکول کے بارے میں بتایا تھا۔ اسی طرح انچارج میڈیکل آفیسر رورل ہیلتھ سنٹر ڈاکٹر سلیمان راؤ نے سکول کا دورہ کیا اور سکول کے لیے فرسٹ ایڈ سامان کی منظوری دی انہوں نے مختلف کلاسز میں بچوں کا طبی معائنہ کیا اور پرنسپل کی درخواست پر آئندہ بھی اس سلسلے کو جاری رکھنے کا عزم کیا۔

# ٹریننگ ورکشاپس، لیکچرز، میٹنگز

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ مختلف سطحوں اپنے اساتذہ دیگر سٹاف کے لیے ورکشاپس اور لیکچرز کا اہتمام کرتا ہے۔ٹرسٹ کے شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ (R&D) کی طرف سے یہ اہتمام مختلف موقعوں پر کیا جاتا ہے۔ان ورکشاپس اور لیکچرز میں ماہرین تعلیم، مذہبی سکالرز اور دیگر شعبہ ہائے زندگی میں شہرت رکھنے والے افراد کو مدعو کیا جاتا ہے۔مزید برآں ڈسٹرکٹ مینیجرز، پرنسپلز اور ہیڈ آفس کی کارکردگی کا جائزہ لینے، مستقبل کی منصوبہ بندی کے لیے میٹنگز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔جن کی تفصیل پیش کی جارہی ہے۔

## ہیلپنگ ہینڈ (Helping Hand) کے تعاون سے ہیڈ ٹریننگ سنٹر کا قیام، غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے ایک اور سنگ میل عبور کرلیا

ٹرسٹ نے رواں سال اساتذہ کی پیشہ وارانہ تربیت کے لیے مختلف منصوبوں کا آغاز کیا ہے۔اس سلسلے میں ہیلپنگ ہینڈ (Helping Hand) کے تعاون سے ٹیچر ٹریننگ سنٹر ہیڈ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ٹریننگ سنٹر کی افتتاحی تقریب میں ہیڈ آفس کے ذمہ داران، ڈسٹرکٹ مینیجر سکولز نے شرکت کی۔ ہیلپنگ ہینڈ (Helping Hand) کے کنٹری ڈائریکٹر فضل الرحمٰن پروگرام مینیجر راؤ جاوید تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید وقاص جعفری، ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے خطاب کرتے ہوئے اساتذہ کی پیشہ وارانہ تربیت کی اہمیت پرزور دیا۔اور ہیلپنگ ہینڈ کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔فضل الرحمٰن نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ساتھ تعاون کو جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

## پری پوسٹنگ ٹریننگ ورکشاپ، 250 اساتذہ نے شرکت کی


غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر اہتمام تین روزہ پری پوسٹنگ ٹریننگ ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ٹریننگ میں ٹرسٹ کے 271 سکولوں میں اس سال تعینات ہونے والے نئے اساتذہ نے شرکت کی ۔تین روزہ ورکشاپ میں 250 اساتذہ نے شرکت کی ۔ورکشاپ کا مقصد نئے اساتذہ کو پیشہ وارانہ تربیت، جدید تعلیمی رجحانات، ٹرسٹ کے تفصیلی تعارف، مستقبل کے تعلیمی امکانات اور بچوں کی تعلیمی نفسیات سے آگاہ کرنا تھا۔ورکشاپ سے ٹرسٹ کے صدر وقاص جعفری، ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز مشتاق مانگٹ، عامر چیمہ، جمشید علی خان، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود، پروفیسر طارق محمود، پروفیسر راؤ جلیل، عامر شہزاد، خاور بٹ، شاہد وارثی، شہید الحق ظفر، ندیم باجوہ، ضیا اللہ شاہین نے خطاب کیا۔اس موقع پر مقررین نے قرآن کا تصور علم، غزالی کے معلمین سے معاشرے کی توقعات، طلبا کی تربیت ونشونما، معیاری سکول کے قیام میں استاد کا کردار، بچے کی نفسیات، کمرہ جماعت کا نظم وضبط، تعلم میں رویوں کا کردار، غزالی سکولز مسائل اوران کا حل، تذکیہ نفس پر گفتگو کی۔

## منڈی بہاؤالدین میں اساتذہ کے لیے تربیتی ورکشاپ

منڈی بہاؤالدین میں تمام اساتذہ ٹرسٹ کی ایک روزہ ورکشاپ ہوئی ورکشاپ کا مقصد اساتذہ کی پیشہ وارانہ تربیت تھا۔غزالی ماڈل سکول پھالیہ میں ہونے والی ورکشاپ میں 40 اساتذہ نے شرکت کی۔ورکشاپ میں نئے تعلیمی رجحانات کے حوالے سے لیکچرز ہوئے اساتذہ نے پروگرام میں بھرپور شرکت کی اور استفادہ حاصل کیا۔

## خواتین اساتذہ کی پیشہ وارانہ تربیت کے لیے میگا پروگرام کا آغاز

رواں سال غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ، فاؤنڈیشن آف فیتھ فل (FOF) کے تعاون سے خواتین اساتذہ کی پیشہ وارنہ تربیت کے لیے پروگرام کا آغاز کررہا ہے۔اس پروگرام کے تحت ٹرسٹ کی 700 سے زائد خواتین اساتذہ کو تنظیم و تربیت کے کورسز کروائے جائیں گے۔ان کورسز کا مقصد اساتذہ کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بہتر مزید بنانا ہے۔ٹرسٹ کا ایف او ایف کے تعاون سے اساتذہ کی تربیت کا یہ پروگرام ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔




سید وقاص، مشتاق مانگٹ، عامر شہزاد، خاور بٹ پری پوسٹنگ ٹریننگ ورکشاپ سے خطاب کررہے ہیں۔

# وزٹ نیوز

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے شعبہ پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام (PREP) کے تحت پنجاب اور زلزلہ زدہ علاقوں میں قائم غزالی سکولز کی تعلیمی و انتظامی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ہیڈ آفس سے مختلف اوقات میں دوروں کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں مختصر تفصیلات دی جا رہی ہیں۔

## ایگزیکٹو ڈائریکٹر کا دورہ منڈی بہاؤالدین سکولز، یوم والدین تقریب میں شرکت، مخیر حضرات سے سکولز کے لیے تعاون کی اپیل

ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر نے منڈی بہاؤالدین میں غزالی سکولز کا دورہ کیا پروگرام کوارڈینیٹر ضیاء اللہ شاہین اور طارق جاوید ان کے ہمراہ تھے شیڈول کے مطابق وہ غزالی ماڈل سکول پھالیہ گئے اور طلبا و طالبات سے ان کی تعلیمی سرگرمیوں سے متعلق گفتگو کی اس کے بعد غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول میانوالی رانجھا کا دورہ کیا جہاں اساتذہ کے ساتھ میٹنگ میں انہوں نے تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے کی تجاویز دیں۔ اس کے بعد انہوں نے چک نمبر 47 میں یوم والدین کے تقریب میں شرکت کی۔ سید عامر نے گاؤں کے مخیر لوگوں سے ملاقات کی اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سے تعاون کے لیے اپیل کی۔

## ڈاکٹر اشتیاق، جولیس وارڈ کی کالر سکول شیخوپورہ کی تقریب تقسیم انعامات میں شرکت

وائس چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق گوندل اور وی ایس او کے والنٹیر جولیس وارڈ نے شیخوپورہ میں غزالی سکول کالر کا وزٹ کیا۔ اور سکول کی تقریب تقسیم انعامات مین شرکت کی۔ مہمانوں کو ڈسٹرکٹ مینیجر سکولز شیخوپورہ شہزاد علی ضمیر اور پرنسپل سکول عبدالرحیم نے خوش آمدید کہا۔ اشتیاق گوندل اور جولیس وارڈ نے پوزیشن حاصل کرنے والے بچوں میں انعامات تقسیم کیے۔ بچوں نے رنگارنگ پروگرام پیش کیے نعتیں پڑھیں اور تقاریر کیں اس موقع پر بچوں کے والدین اور دوسرے عزیز و اقارب کی کثیر تعداد موجود تھی۔ جولیس وارڈ نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔



غزالی سکول کالر میں تقسیم انعامات کے موقع پر طلبا، مقامی افراد اور جولیس وارڈ موجود ہیں۔

## عامر چیمہ کا دورہ ڈیرہ غازی خان سکولز

ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز عامر محمود چیمہ نے ڈسٹرکٹ مینیجر ڈیرہ غازی خان جاوید اقبال اخوان کے ہمراہ غزالی سکولز دائرہ دین پناہ، شاون لنڈ، کوٹ مبارک، یارو کھوسہ چھابڑی بالا، اور سرفراز والا کا دورہ کیا۔ اور سکولز کے تعلیمی اور انتظامی معاملات کا جائزہ لیا۔ اور پرنسپل، اساتذہ کو ہدایات دیں۔




غزالی سکول محمود والا میں یوم والدین کے موقع پر طلبا قوالی پیش کر رہے ہیں۔

## مینیجر پریپ کا فیصل آباد، ٹوبہ، چکوال سیالکوٹ کے مختلف سکولز کا دورہ، انتظامی و تعلیمی معاملات کا جائزہ لیا

مینیجر پریپ شہید الحق ظفر نے فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چکوال اور سیالکوٹ کے مختلف سکولز کا دورہ کیا۔ اور پبلک اور ایل ایس سی کے ارکان سے ملاقاتیں کی۔ مینیجر پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام نے اپنے دورے کے دوران سکولز کے تعلیمی اور انتظامی معاملات کا جائزہ لیا۔ پرنسپل، اساتذہ کو ہدایات دی اور طلبا و طالبات سے تعلیمی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے زور دیا۔

## ضیاء اللہ شاہین کا دورہ ہارون آباد، بہاولپور

پروگرام کوارڈینیٹر ضیاء اللہ شاہین نے غزالی سکول 427/6R ہارون آباد اور بہاولپور کے سکولز کا دورہ کیا۔ انہوں نے ہارون آباد کے سکول کی عمارت کا جائزہ لیا۔ ڈی ایم ایس اقبال گوہر کے ہمراہ بہاولپور کے غزالی سکولز چیمہ چوک، طارق آباد، 41/DB,28/BC، ٹبہ بدر شیر، کا دورہ کیا۔

## تفریحی و مطالعاتی دورہ

غزالی سکول بہل کے طلبا و طالبات نے پرنسپل اور دیگر سٹاف کے ہمراہ کالا باغ میانوالی کا تفریحی و مطالعاتی دورہ کیا۔ طلبا و طالبات نے جناح بیراج، جامع مسجد بلال داؤ دخیل، نمک کی کان کا دورہ کیا۔ مقامی غزالی سکول موچھ کے پرنسپل نے گائیڈ کے فرائض سرانجام بھی دیے۔ بچوں کو دریائے سندھ کی سیر بھی کروائی گئی۔

# خوش آمدید

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی کارکردگی، مزید بہتری اور نئی تبدیلیوں سے آگاہی کے لیے ملکی وغیرملکی شخصیات اور وفود ہیڈآفس کا دورہ کرتے رہتے ہیں ایسے دوروں کا مقصد ٹرسٹ کے لیے نئے مواقع اور بہتر خدمات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ باہمی مشاورت بھی ہوتا ہے گزشتہ سہ ماہی میں درج ذیل شخصیات نے ہیڈآفس کا دورہ کیا اور ٹرسٹ کے منتظمین سے ملاقاتیں کیں۔

## بھکراور میانوالی کے طلبہ وطالبات میں ہم نصابی سرگرمیوں کے مقابلے، بیسٹ پرنسپل اور بیسٹ ٹیچر کا اعلان

غزالی سکولز بھکراور میانوالی کے اضلاع کے طلباوطالبات کے درمیان ہم نصابی سرگرمیوں کے مقابلوں کا اہتمام کیا گیا۔طلباو طالبات کے درمیان حسن قرآت،نعت خوانی، تقاریر،اور ملی نغموں کے مقابلے ہوئے۔ججز کے فرائض پروفیسر اکرم شاہ، قاری ظفر اقبال، شاہد اقبال اور احسان محمود بھگور نے سرانجام دیے۔ پروگرام کا اہتمام تحصیل کونسل میانوالی کے ہال میں ہوا۔حسن قرآت میں غزالی سکول پپلاں کی طالبہ نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔تقریری مقابلہ میں غزالی سکول موچھ کے طالب علم نے پہلی اور ملی نغموں کے پروگرام میں غزالی سکول ریتڑی نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔بیسٹ پرنسپل کا اعزاز غزالی سکول بہل کے بدرالدین، بیسٹ ٹیچر کا اعزاز اس سکول کے محمد ندیم اور بیسٹ طالب علم کا اعزاز بھی بہل سکول کے محمد عثمان نے حاصل کیا۔

| | |
|---|---|
| ڈاکٹراطہرصدیقی | ڈاکٹر اطہر صدیقی (برطانیہ) نے غزالی ہیڈآفس کا دورہ کیا۔انہوں نے ایگزیکٹوڈائریکٹر سید عامر محمود سے ملاقات کی۔ڈاکٹر اطہر کو ٹرسٹ کے مختلف شعبوں کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔انہوں نے دوردراز علاقوں میں سکول قائم کرنے پر ٹرسٹ کے کام کی تعریف کی۔ |
| چودھری اظہرعلی | چودھری اظہرعلی (ناروے) نے ہیڈآفس کا دورہ کیا۔انہوں نے سید عامر محمود سے ملاقات کی۔چودھری اظہر کو ٹرسٹ کے مختلف شعبوں کا دورہ کروایا گیا۔ انہوں نے فیصل آباد اڈہ ۹۳ میں غزالی سکول کی تقریب میں شرکت کی۔اور طلباوطالبات کی کارکردگی کی تعریف کی۔ |
| میاں اسماعیل | میاں اسماعیل (سعودی عرب، دمام) نے غزالی ہیڈآفس کا دورہ کیا اور Orphan Support کے سلسلے میں سید عامر محمود اور عابد حسین سے بات چیت کی۔انہیں بتایا گیا کہ ٹرسٹ کی جانب سے یتیم اور ضرورت مند بچوں کی تعلیمی کفالت کا سلسلہ بڑھتا جارہا ہے۔ |
| ڈاکٹرشعیب | ڈاکٹر شعیب (بحرین) نے غزالی ہیڈآفس کا دورہ کیا۔انہوں نے سید عامر محمود سے ملاقات کی۔ڈاکٹر شعیب کو تمام سٹاف اور تمام شعبوں کا تعارف کروایا گیا۔انہیں ٹرسٹ کے پھیلتے ہوئے نیٹ ورک کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔انہوں نے ٹرسٹ کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ |
| ڈاکٹرمحسن عبداللہ | ڈاکٹر محسن عبداللہ (دبئی) نے غزالی ہیڈآفس کا دورہ کیا انہوں نے سید عامر محمود، شہیدالحق ظفر اور عابد حسین سے ملاقات کی ان سے ٹرسٹ کے سکولوں میں زیرتعلیم غریب بچوں کی کفالت کے نیٹ ورک کو مزید وسعت دینے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا انہوں نے مزید تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ |

# غزالی فورم

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ میں ہیڈآفس کی سطح پر ہر ماہ غزالی فورم کا انعقاد کیا جاتا ہے۔جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی نامور شخصیات کو ہیڈآفس میں مختلف موضوعات پر گفتگو کرنے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔

## سیداحسان اللہ وقاص، ڈاکٹرفرید پراچہ

غزالی فورم میں سید احسان اللہ وقاص نے " یکساں نظام تعلیم، حالات اور تقاضے "اور ڈاکٹر فرید پراچہ نے " سیرۃ النبی اور ہماری زندگیاں " کے موضوع پر اظہار خیال کیا فورم میں سید عامر محمود، فاروق چوہان، ڈسٹرکٹ مینیجرز اور ٹرسٹ کے مرکزی دفتر کے تمام سٹاف نے شرکت کی۔سید احسان اللہ وقاص نے کہا کہ قیام پاکستان کے 60 سال بعد بھی ہم بدقسمتی سے اہم معاملات پر کوئی مشترکہ لائحہ عمل نہیں اپنا سکے انہوں نے کہا ہر حکومت ایک تعلیمی پالیسی تیار کرتی ہے جو اگلی حکومت ختم کردیتی ہے انہوں نے کہا کہ طبقاتی کشمکش سے بالاتر ہو کر تعلیم کا حصول ہر شخص کی پہنچ میں ہو۔ڈاکٹر فرید پراچہ نے کہا کہ حضور کا تشریف لانا ہر طبقہ کے لیے احسان تھا۔آپ کا اسوہ حسنہ تمام انسانیت کے لیے کامل نمونہ ہے۔انہوں نے کہا کہ سیرت کا مطالعہ ہماری زندگی کے لائحہ عمل میں شامل ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ حضور کا انقلاب ہی دنیا میں پائیدار انقلاب تھا۔انہوں نے کہا کہ فرانس کے انقلاب میں 80 لاکھ افراد مارے گئے روس کے انقلاب میں ایک کروڑ افراد مارے گئے لیکن تاریخ انسانی میں حضور کا انقلاب ہی ایسا انقلاب تھا کہ جو پرامن تھا۔فرید پراچہ نے حضور کی سیرت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور کہا کہ موجودہ حالات میں آپ کے اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کرسکتے ہیں۔آخر میں انہوں نے حاضرین کے سوالوں کے جواب دیے۔

# غزالی کالجز برائے خواتین

## غزالی کالج مردان میں کمپیوٹر کورس کا انعقاد

غزالی کالج مردان کی طالبات کو خصوصی کمپیوٹر کورس کروایا گیا۔کورس کے اختتام پر نتائج سو فیصد رہے۔اسی طرح کالج میں سالانہ پرائز ڈسٹری بیوشن تقریب ہوئی۔سینیٹر عافیہ ضیاء مہمان خصوصی تھیں۔تقریب میں نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبات کو انعام دیے گئے۔

## مبارکباد!

غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کی طالبہ عاصمہ اعظم نے گزشتہ سال فیڈرل بورڈ کے تحت ایف ایس سی کے امتحان میں 82 فیصد نمبر حاصل کیے جس پر بورڈ کی طرف سے انہیں 24,000 وظیفہ دیا گیا۔

## کوئز مقابلوں میں شرکت

پاکستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تحت اسلام آباد اور راولپنڈی کے تعلیمی اداروں میں سلیبس بیس کوئز (Syallibus Based Quiz Competation) مقابلوں کا انعقاد ہوا۔غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کی طالبات مریم صبا، طاہرہ عبدالہادی اور طیبہ شفیق نے حصہ لیا۔اور مجموعی طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی۔

## کوٹلی ستیاں اور لاہور کے کالجز میں اسلامک پروگرام کا انعقاد

دختران اسلام اکیڈمی کوٹلی ستیاں کی طالبات کے لیے اسلامک کورس کا اہتمام کیا گیا۔جس میں مشہور علمائے دین کو مدعو کیا گیا۔نیز دس روزہ درس قرآن کورس کا اہتمام بھی کیا گیا۔جس میں طالبات کو قرآن کریم کے آفاقی پیغام سے آگاہ کیا گیا۔
غزالی کالج لاہور میں جاری فہم قرآن کلاس مکمل ہوگئی ہے۔تمام طالبات کو جنہوں نے فہم قرآن کلاس میں حصہ لیا ان کو قرآن پاک ترجمہ وتفسیر کے ساتھ مکمل کروادیا گیا ہے تکمیل قرآن کے موقع پر ایک خوبصورت تقریب بھی منعقد ہوئی۔

## ٹیچر ٹریننگ ورکشاپ

غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں ٹیچر ٹریننگ ورکشاپ ہوئی ورکشاپ میں حفیظ الرحمٰن نے درس قران دیا۔جبکہ مسز مسرت امجد (پرنسپل)، عدیلہ امجد (لیکچرر)، سہیلہ اقبال (لیکچرر) اور ڈائریکٹر غزالی کالج عبدالسلام نے مختلف موضوعات پر خطاب کیا۔اسی طرح غزالی کالج لاہور مین بھی تین روزہ ٹیچر ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔جس میں ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل، مشتاق احمد مانگٹ، سید وقاص جعفری، سید عامر محمود، ڈاکٹر غلام علی، پروفیسر حمیرا ارشاد اور پروفیسر میمونہ احمد نے شرکاء سے خطاب کیا۔

## مری میں اولڈ سٹوڈنٹس کے لیے دختران اسلام کنونشن، کھیوڑا کا تفریحی و مطالعاتی دورہ

دختران اسلام اکیڈمی مری میں اولڈ سٹوڈنٹس کے لیے دختران اسلام کنونشن کا اہتمام کیا گیا۔کنونشن سے ڈاکٹر اشتیاق احمد خلیل احمد چشتی اور دیگر نے خطاب کیا۔اسی طرح اکیڈمی کی طالبات کو الفوز اکیڈمی اسلام آباد سے دس روزہ فہم دین کورس کروایا گیا۔نیز طالبات کے لیے کھیوڑا کے تفریحی و مطالعاتی دورے کا اہتمام کیا گیا۔دورے میں اکیڈمی کی 86 طالبات 9 اساتذہ اور انتظامی سٹاف کے 4 ممبران نے شرکت کی۔

## ایگزیکٹو کمیٹی غزالی کالجز کا سہ ماہی اجلاس

ایگزیکٹو کمیٹی غزالی کالجز برائے خواتین کا سہ ماہی اجلاس اسلام آباد میں ہوا سید عامر محمود نے اجلاس کی صدارت کی جبکہ حاجی غلام قادر عباسی (مری)، حاجی نذیر ستی (کوٹلی ستیاں)، ملک احمد شیر اعوان (لاہور) عبدالسلام (اسلام آباد)، خالد عباسی (مری)، منظور الحق (مردان) نے اجلاس میں شرکت کی۔اجلاس میں گزشتہ سہ ماہی میں کاموں کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ کے لیے منصوبہ بندی کی گئی۔



سید احسان اللہ وقاص غزالی فورم سے خطاب کر رہے ہیں۔



سید منور حسن ہیر ٹریننگ سنٹر میں ایگزیکٹو ٹریننگ ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں۔

Designed by: www.mediamixc.com

## Congratulation!

Asma Azam, a student of Ghazali College for Women Islamabad, received 82% in the annual F.Sc examination of Federal Board. The board awarded her a scholarship worth 24,000 rupees. The GET warmly congratulates her on her success.

## Examination in GET Schools

In all 271 schools of GET annual examinations were held according to the schedule. Students were examined as the years GET curriculum. Students of classes 6 and 7 were provided question by the head office. Students of initial classes to 4 were assessed by their teachers. Students of classes 5, 8, 9 and 10 appeared in their board examinations.

## A New Success for GET

Ghazali Education Trust has established its own Teacher Training centre (TTC) at Hair (20km from Lahore) in special collaboration with Helping Hand. Syed Waqas Jafri (President GET), Aamir Cheema (Member Boad of Directors) and Syed Aamir Mehmood (ED GET) participated in the opening ceremony of TTC. Mr.Fazal-u-Rehamn and Mr. Javid Iqbal were also there as representatives of Helping Hand. At the opening Syed Waqas delivered a speech about the importance of teacher training. He also paid thanks to Helping Hand for the cooperation with the Trust.

## PRE-POSTING TRAINING WORKSHOP


A Pre- Posting Teacher Training Workshop was organized by Trust's R&D department. 250 newly appointed teachers in the Trust's schools participated in the workshop. The purpose of workshop was the improvement of teachers'professional skills.Topics covered included child psychology, new challenges in education, opportunities and future plans of Ghazali Education Trust (GET).Chairman GET Liaqat Baloch; President Syed Waqas Jafri; Members of the Board of Directors, Prof. Mushtaq Manghat, Aamir Cheema; Executive Director, Syed Aamir Mehmood; Shahid Warsi , Khawar Butt and other educationist, scholars delivered lectures. Oppertunities were also provided for teachers to participate in group discussions on a variety of topics such as tenure planning and community involvement. Nadeem Bajwa, Ziaullah Shaheen, Tariq Jawid, Arslan Nasir, Kashif Nadeem, Imran Khalel, Abid Hussain, Mirza Farooq,Muhammd Bota, Mujeeb Bandesha,Waqar Gondal , Siraj-u-Rehman, Malk Naseem, Fazal Haq were amongst the organizers of workshop.

## EXECUTIVE COMMITTEE OF GCWs MEETING

The quarterly session of the executive committee of Ghazali Colleges for Women was chaired by Executive Director GET, Syed Aamer Mehmood. Ghulam Qadir Abbasi, Khalid Abbasi (Muree), Nazeer Satee (Kotle Satian), Malk Ahmad Sher Awan (Lahore), Abdulsalam (Islamabad) and Manzoor-ul-Haq (Mardan) participated in the meeting. They evaluated activities of the colleges during the last quarter and discussed future planning. All members also discussed the challenges and opportunities for GCWs.

## WELCOME TO VSO VOLUNTEERS

Ghazali Education Trust (GET) and Volunteer Services Overseas (VSO) signed an agreement of cooperation. The agreement was signed between The Executive Director of GET, Syed Aamer Mehmood and The Country Director of VSO, Mr .Phil Hudson. According to the agreement, two volunteers of VSO Mr. Julius Ward and Mr. Joseph Taylor will work in GET. Mr. Julius will work in The Research and Development Department (R&D) for a period of two years. He did his diploma in teaching after completing his bachelor degree in Psychology in the U.K. Mr. Taylor will work in The Resource Mobilization Department (RMD) for a period of six months. He completed bachelor degree in Economic



Waqas Jafri, Syed Aamir, Fazal-ur-Rehman, Rao Javed are in Computer Lab of GET Hair Training Center.



Aamir Cheema, Julius Ward, Joseph Taylor with teachers & students of GET.

Designed by: www.mediamixc.com